© rasailojaraid.com



**اسلام اور نظریۂ مساواتِ مرد و زن** مصنف: مولانا محمد رفیق چودھری۔
ناشر: ادارۂ معارفِ اسلامی، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۱۹۹۔ سائز ۲۲×۱۸/۸
غیر مجلد۔ قیمت: ۳۹/- روپے۔

خرد کا نام جنوں رکھ لینے کے رجحان، بلکہ سازش کا ایک کرشمہ یہ بھی ہے کہ مغرب کا مضبوط پریس اسلام کو عورت کے حقوق کا غاصب ثابت کرنے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور صرف کرتا رہا ہے۔ اس خطرناک سازش کے نام نہاد مصنفین نے عورت کو (بزعم خود) معزز کرنے کا ایک نسخہ خود ایجاد کیا اور اس نے عورت کو اس طرح ذلیل کر دیا کہ اسلام کے لباس فاخرہ کا ایک تار بھی اس کے جسم پر باقی نہ رہا۔

محترم مولانا محمد رفیق چودھری نے اس کتاب میں یورپ و امریکہ کی نام نہاد حریتِ نسواں اور اسلام کے عطا کردہ حقوق کا تقابلی مطالعہ کیا ہے اور دستاویزی ثبوت پیش کر کے بہت منظم انداز میں پھیلائی ہوئی غلط فہمیوں کا ازالہ کر دیا ہے۔ ہمارے نزدیک یہ کتاب لکھ کر چودھری صاحب نے طبقۂ نسواں کی قابل قدر خدمت انجام دی ہے۔ ہم اس کے مطالعہ کی پرزور سفارش کرتے ہیں۔ بچیوں کو اس کے مطالعے کی نہ صرف ترغیب دینی چاہیے، بلکہ بہت کوشش کر کے اس کے مطالعے کا موقع فراہم کرنا چاہیے۔ نہ صرف پاکستان بلکہ پورے انسانی معاشرے کے سدھار کا انحصار عورت کے سدھار پر ہے اور شعور سے لکھی ہوئی ایسی کتابیں ذہنوں کے جالے اتارنے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔

(ن۔ ف)

---

**اسلام اور جدید ریاستی نظام** (خصوصی مطالعۂ ایران و پاکستان) از جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد سرور صاحب۔ ناشر: مکتبۂ تعمیر انسانیت۔ اردو بازار، لاہور۔
قیمت: ۹۰/- روپے (سفید کاغذ، اعلیٰ طباعت)

زیر نظر کتاب کا مقصد اسلامی نظامِ زندگی کا ایسا خاکہ مرتب کرنا ہے کہ جو ایک طرف تو جدید سیاسی تقاضوں سے عہدہ برآ ہونے کی صلاحیت سے پوری طرح بہرہ ور ہو۔



© rasailojaraid.com